SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)

### بچوں کا نفقہ(چائلڈ سپورٹ) کیا ہے؟

اگر والدین علیحدگی یا طلاق لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ان میں سے ایک، والد یا والدہ کو اپنے بچوں کی مالی طور پر مدد فراہم کرنے کے لیے ادائیگی کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اسے بچوں کا نفقہ(چائلڈ سپورٹ) کہتے ہیں۔

جب آپ اپنے شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر سے الگ ہو جاتے ہیں تو بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) کی ذمہ داریاں فوراً شروع ہوجاتی ہیں۔

نفقہ (سپورٹ) کی ادائیگیاں عام طور پر اس والد یا والدہ کی طرف سے جو بچے کے ساتھ کم سے کم وقت گزارتے ہیں (ادا کننده) ، اس والد یا والدہ کو جو زیادہ تر وقت بچے کی دیکھ بھال کرتے ہیں ادا کی جاتی ہیں ۔ ان صورتوں میں جہاں والدین میں سے دونوں بچے کے ساتھ برابر وقت گزارتے ہیں، زیادہ آمدنی والے والد یا والدہ کو پھربھی بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ والدین میں سے دونوں قانونی طور پر بچوں کی مالی معاونت کے ذمہ دار ہیں۔

عدالت عام طور پر والدین میں سے کسی ایک کو بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) ادا کرنے کا حکم دے گی حتی اگر چہ دونوں والدین اس بات پر متفق ہوں کہ کسی امدادی ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے۔

### بچوں کےنفقہ یا چائلڈ سپورٹ کا مقصد :

- بچے کی دیکھ بھال کے اخراجات کو پورا کرنے میں مدد کرنا

### بچوں کا نفقہ(چائلڈ سپورٹ) کون ادا کرتا ہے؟

- والدین
- ایسے والد یا ایسی والدہ جس نےجنم نہیں دیا
- گود لینے والے والد یا والدہ
- سوتیلے والد یا والدہ (اگر عدالت کو یقین ہے کہ سوتیلے والد یا والدہ کا بچے کے ساتھ والد یا والدہ جیسا ہی تعلق ہے)



SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)  ادا کرنے کے لیے آپ کو شادی شدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
قانون کے تحت چائلڈ سپورٹ کی ادائیگی بالکل ضروری ہے۔ آپ کو اس کی ادائیگی کرنی ہوگی چاہے آپ اپنے بچے کے ساتھ نہ بھی رہیں یا اس سے ملاقات نہ  بھی کریں۔

## مجھے کتنی چائلڈ سپورٹ ملے گی؟

**آپ کو ملنے والی رقم درج ذیل پر مبنی ہوگی :**

- اس والد یا والدہ کی آمدنی جو بچے  کےنفقہ کی ادائیگی کرتے ہیں اور
- ان بچوں کی تعداد جنہیں وہ سپورٹ کر رہے ہیں

بچوں کےنفقہ (چائلڈ سپورٹ) کی رقم کا حساب لگانے کے کچھ اصول ہیں۔ زیادہ تر لوگوں کے لیے بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) کا حساب فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائیڈ لائنز (ان جوڑوں کے لیے جو شادی شدہ ہیں اور طلاق کے خواہاں ہیں، جب تک کہ دونوں والدین مینیٹوبا (Manitoba) ، کیوبیک (Quebec)  اور نیو برنسوک ( New Brunswick) میں نہ رہتے ہوں)) یا صوبائی یا علاقائی رہنما اصولوں (ان  جوڑوں کے لیے جو کبھی شادی شدہ تھے ہی نہیں یا  جوشادی شدہ ہیں لیکن  انہوں نےعلیحدگی  اختیار کرنےاور طلاق نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے )کے ذریعے شمار کیے جاتے ہیں۔ رہنما اصولوں میں جدولیں موجود ہیں جہاں آپ یہ جان سکتے ہیں کہ ادائیگی کرنے والے کی مجموعی سالانہ آمدنی اور آپ کے بچوں کی تعداد کی بنیاد پر آپ کو کتنی ماہانہ مدد مل سکتی ہے۔ اس رقم کو "ٹیبل اماؤنٹ" (''table amo^u^nt'')کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

مثال: اگر آپ کے دو بچے ہیں اورآپ  ٹیکس سے پہلے 40,000  ڈالرکماتے ہیں، تو فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائیڈلائنز  Federal Child Support Guidelines) )کے مطابق آپ کے ماہانہ بچوں کےنفقہ (چائلڈ سپورٹ) کی ادائیگی 597  ڈالرہوگی۔

فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائیڈلائنز (Federal Child Support Guidelines )کے لیے ایک آن لائن کیلکولیٹر یہاں پایا جا سکتا ہے :

**https://www.justice.gc.ca/eng/fl-df/child-enfant/2017/look-rech.aspx**

ماہانہ رقم کا مقصد **روزمرہ کے اخراجات** کو پورا کرنا ہے جیسے :

- کرایہ
- بلز (Bills)
- گروسریز (Groceries)
- کپڑے
- اسکول کے سامان

## خصوصی یا غیر معمولی اخراجات

خصوصی یا غیر معمولی اخراجات وہ اضافی اخراجات ہیں جو ٹیبل اماؤنٹ (table amount)میں شامل نہیں ہیں، جنہیں "سیکشن 7

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

کے اخراجات" ("Section 7 Expenses") بھی کہا جاتا ہے۔ ادائیگی کرنے والے کو "ٹیبل اماؤنٹ" ("table amount")کے علاوہ ان اخراجات میں حصہ ڈالنا ہوگا۔

سیکشن 7 کے اخراجات کی کچھ مثالیں یہ ہیں :

- بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کی فیس
- صحت کے اخراجات، دندان سازی ( آرتھوڈانٹکس)، عینکیں وغیرہ
- غیر نصابی سر گرمیاں
- ٹیوٹرزکی یا نجی (پرائیویٹ) اسکول کی فیس

یہ اخراجات سیکشن 7 (Section 7 Expenses ) کے لحاظ سے مناسب اور ضروری ہونا چاہیے ۔

**بچوں کانفقہ (چائلڈ سپورٹ) کیسے حاصل کریں**

1. علیحدگی کا معاہدہ – ایک جوڑا اس بات پر متفق ہو سکتے ہیں کہ چائلڈ سپورٹ کی ادائیگی کتنی ہو گی اور کتنی بار ہوگی۔ اس کے لیے انہیں عدالتی عمل سے گزرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ لیکن پھر بھی اس معاہدے کو عدالت میں دائر کیا جا سکتا ہے تاکہ یہ قابل نفاذ ہو۔

2. عدالت – جوڑے چاہیں تو عدالتی عمل سے گزر سکتے ہیں اور جج کئی عوامل پر غور کرے گا۔ جج نفقہ کی ادائیگیوں کی رقم کا تعین کرنے کے لیے رہنما اصولوں کا استعمال کرے گا۔ جج اضافی عوامل پر بھی غور کر سکتا ہے اور ادائیگی کرنے والے کو ہدایت دے سکتا ہے کہ رہنما اصولوں کی وضاحت سے زیادہ یا کم رقم ادا کرے۔

**میں کب تک بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)حاصل کرسکتا ہوں؟**

بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) اس وقت تک ادا کیا جانا چاہیے جب تک کہ آپ کا بچہ منحصر رہے۔ اس کا مطلب عام طور پر اس وقت تک ہوتا ہے جب تک کہ بچہ 18 سال کا نہ ہو جائے۔

بچہ منحصر نہیں رہتا اگر :

- وہ شادی کرلیتا ہے، یا
- اس کی عمر کم از کم 16 سال کی ہو جاتی ہے اور وہ گھر چھوڑنے کا فیصلہ کرتا ہے۔

ایک بچہ جس کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے اسے اب بھی انحصار سمجھا جا سکتا ہے اگر :

- اسے کوئی معذوری یا بیماری ہو، یا
- وہ کل وقتی اسکول جا رہا ہو

**بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)کب ختم ہوتاہے؟**

- اگر کوئی تحریری معاہدہ یا عدالتی حکم نامہ ہے، تو یہ واضح کرسکتا ہے کہ چائلڈ سپورٹ کی ادائیگی کب ختم ہو گی۔
- اگر کوئی وقت متعین نہیں کیا گیا ہے تو، عدالتی حکم یا معاہدہ تبدیل ہونے تک بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ)جاری رہے گا۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

**اگر میرے بچے کےوالد یا والدہ  بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) ادا نہیں کرتے ہیں تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ دوسرے والد یا والدہ معاہدے میں بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) کی ادائیگی نہیں کریں گے، تو آپ اپنے معاہدے کو فیملی ریسپانسیبلٹی آفس(ایف آر او) (Family Responsibility Office(FRO) کے ساتھ رجسٹر کرسکتے ہیں۔ ایف آر او (FRO) امدادی ادائیگیوں کو نافذ کرے گا۔ عدالتی حکم خود بخود ایف آر او  (FRO) کو بھیج دیا جائے گا لیکن عدالت سے باہر منعقد ہونے والے معاہدوں کو عدالت میں دائر کرنے اور پھر ایف آر او  (FRO) کے ساتھ رجسٹر کرنے کی ضرورت ہوگی۔

ایک بار جب معاہدہ ایف آر او  (FRO) کے ساتھ رجسٹر ہو جاتا ہے، ایف آر او  (FRO) کو یہ کام کرنے کی امکان ہو سکتی ہے کہ:

- ادائیگی کرنے والے کے بینک اکاؤنٹ سے براہ راست رقم نکال لے
- ادائیگی کرنے والے کا ڈرائیور کا لائسنس معطل کر دے
- ادائیگی کرنے والے کے خلاف عدالتی مقدمہ شروع کردے

**بچوں کےنفقہ (چائلڈ سپورٹ) کو تبدیل کرنا**

اگر آپ کی صورت حال بدل جاتی ہے، یا آپ کے ساتھی کی صورتحال بدل جاتی ہے، تو آپ کو اپنے چائلڈ سپورٹ کے معاہدے یا آرڈر میں تبدیلیاں کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

آپ  کا علیحدگی کا معاہدہ یا عدالتی حکم پہلے ہی بتا سکتا ہے کہ ان تبدیلیوں سے کیسے نمٹا جائے۔ مثال کے طور پر، یہ ان حالات کی وضاحت کر سکتا ہے جن میں بچوں کا نفقہ (چائلڈ سپورٹ) ختم ہو جائے گا۔ اگر ایسا ہے توآپ کو نیا معاہدہ کرنے یا کوئی اور عدالتی حکم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

دوسری صورت میں، اگر تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہے اور آپ دونوں تبدیلیوں سے اتفاق کرتے ہیں، تو آپ ایک نئے معاہدے کا مسودہ تیار کر کے اس پر دستخط کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے پہلے اسے عدالت اور ایف آر او ( FRO )میں دائر کیا تھا، تو آپ پچھلے معاہدے کو تبدیل کرنے کے لیے ایک نیا معاہدہ درج کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے موجودہ عدالتی حکم کو تبدیل کرنے سے اتفاق کرتے ہیں، تو آپ عدالت میں دستاویزات جمع کروا سکتے ہیں اور عدالت سے اپنے نئے معاہدے کی بنیاد پر آپ کو رضامندی کا حکم جاری کرنےکے لیے کہہ سکتے ہیں۔ اگر آپ علیحدگی کا نیا معاہدہ کرنے یا اپنا آرڈر تبدیل کرنے پر راضی نہیں ہو  سکتے ہیں، تو آپ "متبادل تنازعات کے حل (اے ڈی آر)  (Alternative Dispute Resolution (ADR)) " کےنام سے اپنے معاملے کو عدالت سے باہر طے کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں، یا آپ عدالت میں جا کر جج سے تبدیلیاں کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔

معاہدے کو اپ ڈیٹ کرنے کی عام وجوہات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں :

- ادا کرنے والے کی آمدنی بڑھ گئی ہے
- ادائیگی کرنے والا مالی مشکل سے گزر رہا ہے، جیسے کہ ملازمت کا نقصان
- بچے نے کل وقتی کام کرنا شروع کر دیا ہے یا شادی کر لی ہے
- کوئی نئے خصوصی یا غیر معمولی اخراجات ہیں